http://www.dailymashriq.com.pk

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

روزنامہ مشرق پشاور

عہد نو کے بانی سید تاج میر شاہ

مسلسل اشاعت کے 59 سال

ABC CERTIFIED

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد 59 منگل 16 ذی الحجہ 1447ھ 2 جون 2026ء 19 جیٹھ قیمت 30 روپے شمارہ 149

# اشتہار نیلام E-Baldiya/e-auction ٹھیکہ جات

## تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مانسہرہ

بحوالہ محکمہ بلدیات اور دیہی ترقی خیبر پختونخواہ پشاور مراسلہ نمبر No. AOII/ KCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہی کہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مانسہرہ واپنے درج ذیل ٹھیکہ جات برائے عرصہ ایک سال از یکم جولائی 206 تا 30 جون 2027، بذریعہ E-Baldiyale auction آن لائن نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند ٹھیکیدار حضرات جنھوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور سے متعلقہ کلاس میں رجسٹریشن یا اس کی تجدید برائے سال 2026-27 کروائی ہو اور کسی بھی لوکل کونسل کا بقایا دار نہ ہو تو محکمہ لوکل گورنمنٹ رولرڈ ویلپمنٹ خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ E-Baldiyale-auction پر آن لائن کھلی بولی میں درج ذیل پروگرام کے تحت حصہ لے سکتے ہیں۔

### ٹھیکہ جات کی تفصیل ذیل ہے

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ جات | میعاد ٹھیکہ | رقم زر بیعانہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ٹھیکہ منڈی مال مویشی مانسہرہ | برائے عرصہ 01 سال (از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) | 30,00,000/- |
| 2 | ٹھیکہ سائن بورڈ فیس تحصیل مانسہرہ | ......ایضا...... | 10,00,000/- |
| 3 | ٹھیکہ اڈہ فیس اربن مانسہرہ | ......ایضا...... | 20,00,000/- |
| 4 | ٹھیکہ لیٹرین فیس ہائے | ......ایضا...... | 6,00,000/- |
| 5 | ٹھیکہ انٹری فیس فروٹ اینڈ سبزی منڈی گھگان موڑ مانسہرہ | ......ایضا...... | 5,00,000/- |
| 6 | ٹھیکہ پارکنگ فیس (پرانا GTS سٹینڈ) مانسہرہ | ......ایضا...... | 2,00,000/- |
| 7 | ٹھیکہ سلاٹر ہاؤس فیس | ......ایضا...... | 50,000/- |
| 8 | ٹھیکہ اڈہ مینیجمنٹ فیس سوزوکی سٹینڈ غازیکوٹ (پرانا GTS سٹینڈ) مانسہرہ | ......ایضا...... | 50,000/- |
| 9 | ٹھیکہ واٹر ریٹ اربن مانسہرہ بمعہ بقایا جات | ......ایضا...... | 20,00,000/- |

### خواہشمند حضرات درجہ ذیل شرائط کے تحت نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

۱ آن لائن بولی کا طریقہ کار محکمہ لوکل گورنمنٹ کی ویب سائٹ (https://cfims.lgkp.gov.pk)E-Baldiya) پر نیلامی کی تاریخ سے قبل ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ نیز آن لائن کھلی بولی درج ذیل شیڈول کے تحت Active ہونے کے بعد مقررہ وقت پر شروع اور ختم ہوگی۔

۲ آن لائن کھلی بولی میں حصہ لینے سے قبل 5% زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ اصلی بنام تحصیل میونسپل آفیسر TMA مانسہرہ بنوائے گا اور اس کی تفصیل مذکورہ بالا ویب سائٹ پر درج کر کے بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا۔ نیز ہر ٹھیکہ کیلئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنوا کر ویب سائٹ پر درج کر کے بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا۔

۳ آن لائن بولی مورخہ 22-06-2026 تا 24-06-2026 بروز پیر تا بدھ بوقت 9:00 سے شروع ہو کر بوقت 4:00PM بند ہو جائے گی۔

۴ آن لائن نیلامی ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ کیلئے لازم ہوگا کہ وہ اگلے دو روز یعنی بروز جمعرات مورخہ 26-06-2026 بوقت صبح 9:00 بجے سے بروز جمعہ مورخہ 26-06-2026 دفتری اوقات کار میں ٹھیکہ کی کلی مالیت کے 5% رقم زر ضمانت اور 15% پیشگی رقم ایڈوانس بمعہ مصدقہ کاپی رجسٹریشن و شناختی کارڈ دفتر TMA مانسہرہ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائے گی۔ اور جمع شدہ 5% سیکورٹی / کال ڈیپازٹ بحق TMA مانسہرہ ضبط کی جائیگی۔ نیز ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق غلط یا جعلی تفصیل Upload کرنے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

۵ یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار ٹھیکیدار / فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا اور اگر بعد از بولی کامیاب دہندہ بقایادار ثابت ہو تو اس کی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق TMA مانسہرہ وضبط ہوگا۔

۶ کامیاب بولی دہندہ اپنے بمطابق پالیسی گائیڈ لائن شق نمبر 10، دو ضامن پیش کرے گا جن کی غیر منقولہ جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کے مساوی ہو اور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔

۷ بولی میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران KPPRA رولز کے مطابق KPPRA Kyber Pakhtunkhwa سے رجسٹرڈ ہوں۔

۸ تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی و وفاقی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ احکامات اور پالیسی گائیڈ لائن کے پابند ہوں گے۔ اور قابل اطلاق وفاقی و صوبائی ٹیکس ٹھیکیدار ادا کرے گا۔

۹ ٹھیکہ کی رقم کے مادہ کامیاب بولی دہندہ الا کو کردہ 10% انکم ٹیکس شق نمبر 236-A اور KPRA کی طرف سے عائد کردہ بمطابق ٹھیکہ نوعیت مجوزہ شرح کے حساب سے ٹیکس ادا کرنے کا بھی پابند ہوگا۔

۱۰ مختلف ٹیکسوں اور فیسوں میں اضافہ کی خاطر ٹیکسیشن پروپوزل و تبدیلی شیڈول زیر غور ہے حتمی منظوری ہونے کے بعد جس نسبت سے ٹیکس / فیس میں اضافہ کیا جائیگا اسی تناسب سے ٹھیکہ کی رقم میں بھی اضافہ ہوگا اور اس میں کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی کسی عدالت میں دعوی کرنے کا حق دار ہوگا۔

۱۱ سیریل نمبر 3 پر ٹھیکہ برائے اڈہ فیس اربن مانسہرہ کا ٹیکسیشن شیڈول 2026 نافذ ہو چکا ہے جو کہ بوجہ معزز عدالت کے حکم کے مطابق عارضی طور پر معطل ہو کر بمطابق سابقہ شیڈول 2015 پر نیلام کیا جا رہا ہے۔ دریں اثناء stay order کی منسوخی سے شیڈول کے مطابق جو اسسمنٹ دفتر ہذا نے کی ہے ٹھیکیدار اس شرح کے مطابق ٹھیکہ کی رقم جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اس حوالے سے کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی کسی عدالت میں دعوی کرنے کا حق دار ہوگا۔ اسسمنٹ کی تفصیل دفتر ہذا سے نیلامی سے پہلے دفتر ہذا سے ملاحظہ کی جا سکتی ہے اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ؛ وکا اور اسسمنٹ کے مطابق ٹھیکہ لینے کا پابند ہوگا۔

۱۲ یہ کہ دوسرے نمبر پر بولی دینے والے کی کال زر بیعانہ کامیاب بولی دہندہ کی 20% ایڈوانس رقم جمع کرنے کے بعد واپس کی جائے گی کیونکہ اگر کامیاب بولی دہندہ مقررہ تاریخ تک 20% ایڈوانس جمع کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو ٹھیکہ دوسرے نمبر پر بولی دہندہ کو دے دیا جائے گا اور وہ بقایا رقم ایڈوانس 20% دینے کا مجاز ہوگا۔

۱۳ ہر بولی دہندہ صوبائی حکومت سے منظور شدہ ماڈل شرائط نیلام برائے نیلامی ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27 پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز شرائط نیلام دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ریگولیشن یا اوپر دی گئی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

INF(P)2611/2026

**بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر "TMA" مانسہرہ**

**المشتہر: اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ / تحصیل آفیسر ریگولیشن "TMA" مانسہرہ**

CS CamScanner

# شرائط نیلام بذریعہ (E-Baldia/E-Auction) ٹھیکہ منڈی مال مویشی TMA مانسہرہ

## برائے سال 2026-27ء

۱۔ معیاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

۲۔ کوئی بھی شخص / فرم محکمہ بلدیات، کسی کونسل، صوبائی حکومت یا وفاقی حکومت کے کسی قسم کے بقایا دار ہوں وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

۳۔ ٹھیکہ نیلامی بذریعہ E-Baldia/E-Auction کی جائے گی نیلامی مقررہ تاریخ 22-06-2026 بروز پیر تا بدھ 24-06-2026 بوقت 9:00AM سے شروع ہوکر بوقت 04:00 PM بند ہو جائے گی۔ رجسٹر ٹھیکیدار لوکل گورنمنٹ کی ویب سائٹ E-Baldiya(https:///cfims.lgkp.gov.pk) سے Log in ہوکر مقررہ وقت تک حصہ لے سکتے ہیں۔

۴۔ بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکیدار جس نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید برائے سال 2026-27 کی ہو وہ 5% زربیعانہ (سیکورٹی) مبلغ -/30,000,00 روپے کی کال ڈیپازٹ بنام TMO مانسہرہ بنوا کر سائٹ پر درج کرنے کے بعد بولی میں حصہ لے سکتا ہے۔

۵۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ کو 2 دن کے اندر یعنی بروز جمعرات اور جمعہ دفتری اوقات کار میں 5% سیکورٹی اور 50% ایڈوانس رقم جمع کروانی ہوگی بصورت ناکامی ٹھیکہ منسوخ کر کے 5% سیکورٹی ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر بولی دینے والے ٹھیکیدار کو پہلے نمبر والے بولی دہندہ کے حساب سے آفر کی جائے گی اور اسکو باقاعدہ طور پر پہلی نمبر پر بولی دہندہ کی رقم کے حساب سے 20% ایڈوانس جمع کرنے ہوں گے۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ متعلقہ بنک سے تصدیق کروائی جائے گی جعلی ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر کے صوبائی حکومت کو برائے Black Listing لکھا جائے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی رقم کے مساوی مالیت کے حامل دو افراد کی جائیداد کے کاغذات درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق کروا کا بشکل ضامن دفتر ہذا میں جمع کروانے ہونگے۔

۸۔ اگر کسی بھی وجہ سے ٹھیکیدار لوکل کونسل کا بقایادار ہوا تو لوکل کونسل کو یہ اختیار حاصل ہے کہ تمام واجبات ٹھیکیدار سے وصول کرے گا اگر اس سلسلے میں محکمہ ہذا کو نقصان ہوا تو ٹھیکیدار کی ذات و جائیداد سے وصول کیا جائے گا ٹھیکہ منسوخی کے بعد دوبارہ نیلام کیا جائے گا یا محکمانہ ریکوری کی جائے گی ہر دو صورتوں میں محکمہ ہذا کو نقصان ہوا یا کل رقم ٹھیکہ میں کمی واقع ہوئی تو نقصان ٹھیکیدار سے وصولی کی جائے گی

۹۔ ٹھیکیدار کی جانب سے 5% سیکیورٹی اور 15% ایڈوانس کل 20% رقم جمع کروانے کے بعد ٹھیکہ کی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر ٹھیکیدار کو باقاعدہ طور پر جوڈیشل (stamp paper) سٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔ اگر ایسا کرنے میں ٹھیکیدار ناکام رہا تو ٹھیکہ ٹھیکیدار کی risk and cost پر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۱۰۔ رسمی منظوری کے بعد بولی دہندہ وصولیوں کی نگرانی کر سکے گا تاہم آمدن بحساب رقم ٹھیکہ بمعہ انکم ٹیکس ادارہ کے اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی۔ اور جملہ آمدن کی ٹھیکہ منظوری کے بعد منہائی کی جائے گی۔

۱۱۔ ٹھیکیدار کل زر نیلام گیارہ مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا پہلی قسط ماہ جولائی 2026، 05 اگست 2026 کو ادا کرنے کا پابند ہوگا اسی طرح بقیہ اقساط بھی ہر ماہ کی 05 تاریخ کو ادا کرنی ہوگی۔

۱۲۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو اس پر 10 تاریخ تک 2% یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اور آخری نوٹس جاری کرنے کے بعد 15 تاریخ تک اگر ٹھیکیدار ماہانہ قسط جمع کروانے میں ناکام رہا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکیدار کی risk & cost پر دوبارہ نیلام کیا جائے گا اور جمع شدہ رقم ایڈوانس قسط بمعہ زرضمانت بحق TMA مانسہرہ ضبط کی جائیگی۔

۱۳۔ ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ لاگو کردہ 10% انکم ٹیکس شق نمبر 236-A اور کیپرا کی طرف سے عائد کردہ بمطابق ٹھیکہ نوعیت مجوزہ شرح کے حساب سے ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۴۔ جب تک ٹھیکیدار معاہدہ پر دستخط نہ کرلے اور ایڈوانس رقم جمع نہ کرے تو اس وقت تک ٹھیکہ کا چارج اس کے حوالہ نہیں کیا جائے گا۔ چارج اس کے حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

۱۵۔ کسی بھی ناگہانی آفت، بارش، خشک سالی یا ہڑتال وغیرہ کے پیش نظر اگر ٹھیکیدار کو نقصان اٹھانا پڑا تو وہ اس کے ازالہ کے لئے کسی قسم کی رعائت (remission) کا مستحق نہ ہوگا

۱۶۔ معاہدہ پر دستخط ٹھیکیدار کو خود کرنا ہوں گے۔ نمائندہ، بولی دہندہ یا شراکت دار کا اس کے ساتھ کوئی تعلق یا واسطہ نہ ہوگا۔

۱۷۔ ٹھیکیدار قسط کی ادائیگی بذریعہ E-Challan بینک ڈرافٹ کرے گا۔ اور E-Challan ٹی ایم اے کا پی اور آفس کا پی دفتر ریگولیشن برانچ جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر ٹھیکیدار بینک ڈرافٹ کے ذریعے ماہوار قسط ادا کرے کا اسے ڈرافٹ کی کلیئرنس کا دو دن کا اضافی وقت دیا جائے گا۔

۱۸۔ ٹھیکہ ایک دفعہ نیلام ہونے کے بعد کسی بھی دوسرے شخص یا فرم کے نام پر منتقل/Sublet نہیں کیا جا سکے گا۔ اگر ٹھیکیدار ٹھیکہ جاری رکھنے سے معزوری ظاہر کرے گا تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی risk & cost پر منسوخ کیا جا کر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۱۹۔ ٹھیکیدار ٹی ایم اے کے مقررہ شیڈول کے مطابق ٹیکس کی وصولی کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۰۔ TMA مانسہرہ کے کسی آفیسر کے نوٹس میں یہ بات آئی کہ ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ مقررہ شرح سے زائد وصولی کر رہا ہے تو ٹھیکیدار یا اس کے نمائندے پر گیارہ گنا زائد جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔

۲۱۔ اگر ٹھیکیدار فیس کی وصولی کے لئے کوئی ملازم رکھے گا تو اس کی پیشگی منظوری TMA مانسہرہ سے حاصل کرنا ہوگی اور جو ملازم ٹھیکیدار بھرتی کرے گا اس کے مکمل کوائف بھی TMA مانسہرہ کو فراہم کرے گا۔

۲۲۔ ٹھیکیدار اپنے پاس فیس کی وصولی کا باقاعدہ ریکارڈ رکھے گا جو کہ ٹھیکہ کے اختتام پر TMA مانسہرہ کے حوالہ کیا جائے گا۔ اگر دوران ٹھیکہ TMA مانسہرہ ٹھیکہ کی وصولیوں کا ریکارڈ طلب کرنا چاہے تو ٹھیکیدار اسے فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۳۔ ٹی ایم اے مانسہرہ کے دفتر میں رجسٹر شکایات رکھا جائے گا جس میں عوام کی طرف سے شکایت درج کی جائیں گی اگر کسی بھی وقت ایسی شکایت موصول ہوئی تو ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ مقررہ شرح سے زائد وصولی کر رہا ہے تو تحصیل میونسپل آفیسر یا کوئی بھی متعلقہ آفیسر چیک کرنے کا مجاز ہوگا اگر کسی بھی جگہ بے قائدگی پائی گئی تو مجاز آفیسر گیارہ گنا جرمانہ عائد کر سکے گا۔ اگر بار بار بے قائدگی پائی گئی تو ٹھیکہ منسوخ کیا جا کر جمع شدہ رقم بحق ٹی ایم اے ضبط کی جائے گی۔

۲۴۔ منڈی مال مویشی کا انعقاد ہفتہ میں ایک دن بروز پیر ہوگا۔ عید الضحیٰ کے دنوں میں 5 کلومیٹر کی حدود کے اندر ٹھیکیدار بامنظوری ٹی ایم اے خصوصی منڈی لگا سکتا ہے۔ جس کے باقاعدہ انتظامات جیسے کہ جانوروں اور عوام الناس کے سائے کے لئے ٹینٹ، بجلی اور جانوروں اور عوام الناس کے لیے پینے کے پانی کی ٹینکیاں وغیرہ بذمہ ٹھیکیدار ہوں گے۔ جبکہ پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور ضروری سٹاف کی فراہمی بذمہ ٹی ایم اے ہوگی۔ نیز دوران عید الاضحیٰ 5 کلومیٹر کی حدود سے باہر اگر ٹی ایم اے کوئی خصوصی منڈی لگائے گی تو تمام انتظامات اور ریکوری ٹی ایم اے خود کرے گی اور ٹھیکیدار کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہوگا۔

CamScanner

۲۵۔ منڈی مال مویشی مانسہرہ کے علاوہ ٹی ایم اے مانسہرہ کی حدود میں کوئی بھی شخص یا ادارہ منڈی لگانے کا مجاز نہ ہوگا۔ اگر کوئی بھی شخص منڈی مال مویشی کے مخصوص ایام کے علاوہ جانوروں کی خرید و فروخت کرتا ہو پکڑا گیا تو ٹھیکیدار اس پر گیارہ گنا تاوان عائد کرنے اور دیگر قانونی کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔ نیز تاوان نہ ادا کرنے یا مزاحمت کرنے کی صورت میں متعلقہ تھانہ میں اطلاع دے کر اس کے مویشیوں کو پھاٹک میں بند کروا سکے گا تاوقتیکہ مذکورہ شخص تاوان کی رقم جمع نہ کروا لے اس کے مویشی بند رہیں گے اور دوران بندش پھاٹک کا خرچہ اس شخص سے تاوان اور خرچہ کی رقم وصول کی جائے گی۔

۲۶۔ دوران ٹھیکہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے اگر کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا یا ردوبدل کیا گیا تو ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۲۷۔ موجودہ ٹیکس / فیس سابقہ نافذ کردہ شیڈول کے مطابق ہیں۔ ٹی ایم اے مانسہرہ کی طرف سے نئے مالی سال کے دوران ٹیکس شیڈول کی شرح میں اضافہ کی صورت میں ٹھیکیدار کے ٹھیکہ کی رقم نئے اضافی شدہ شرح کے حساب سے اضافہ کیا جائے گا اور ٹھیکیدار اس پر کسی قسم کا عذر اور عدالتی قانونی چارہ جوئی اور رعایت کا مستحق نہیں ہوگا۔

۲۸۔ دوران ٹھیکہ اگر کسی وجہ سے فریقین کے درمیان کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو فیصلہ کے لئے آرٹیکل 1940 کے تحت بطور ثالث ریجنل میونسپل آفیسر ہزارہ ریجن ایبٹ آباد سے رجوع کیا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جسے نہ تو عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کا کلیم حاصل کرنے کا مجاز ہوگا۔

۲۹۔ دوران ٹھیکہ اگر صوبائی حکومت کی طرف سے آمدہ ہدایات بابت ٹھیکہ ہذا ٹھیکیدار شرائط پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔ اور اس بات کا کسی عدالت میں کوئی عذر / کیس کرنے کا مجاز نہ ہوگا، نیز صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ نمبری AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 جو ہدایت جاری کی ہیں ٹھیکیدار اُن پر من و عن عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔

درج بالا شرائط میں سے کسی بھی ایک شرط کی خلاف ورزی کرنے پر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مانسہرہ کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر کے زرضمانت اور جمع شدہ رقم ضبط کر کے باقی ماندہ عرصہ کے لیے ٹھیکیدار کی risk&Cost پر دوبارہ نیلام کرے گا۔ ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کو کوئی بھی نقصان ہوا تو وہ ٹھیکیدار کی ذات یا جائیداد سے پورا کیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ | تحصیل آفیسر ریگولیشن | تحصیل میونسپل آفیسر |
| ٹی ایم اے مانسہرہ | ٹی ایم اے مانسہرہ | ٹی ایم اے مانسہرہ |

Vetted

4/6/2026